# رائسینا مذاکرات 2024

20 فروری، 2024

رائسینا مذاکرات جیوپالیٹکس اور جیو اکونومکس پر ایک بڑی کانفرنس ہے، جس کا مقصد بین الاقوامی برادری کو درپیش سب سے مشکل مسائل سے نمٹنے کے لیے اپنے عزم کا اظہار کرنا ہے۔

2۔ رائسینا مذاکرات کے دوسرے ایڈیشن کا انعقاد 21-23 فروری، 2024 کو منعقد کیا جائے گا۔

3۔ وزیر اعظم جناب نریندر مودی 21 فروری کو اس مذاکرے کا افتتاح کریں گے۔ ہیلینک ریپبلک (یونان) کے وزیر اعظم عزت مآب جناب متسوتاکس کریاکوس مہمان خصوصی کے طور پر افتتاحی اجلاس میں شامل ہوں گے، اور کلیدی خطبہ دیں گے۔

4۔ رائسینا مذاکرات میں 100 ممالک کے نمائندے بشمول وزراء، سابق سربراہان مملکت اور حکومت کے سربراہان، فوجی کمانڈرز، انڈسٹری کے سربراہان، ٹیکنالوجی کے رہنما، ماہرین تعلیم، صحافی، اسٹریٹجک امور کے اسکالرز، معروف تھنک ٹینکس ، اور نوجوان شامل ہیں۔

5۔ 2024 ایڈیشن کا موضوع "چتورنگا: تنازعہ، مقابلہ، باہمی تعاون، تخلیق" ہے۔ سہ روزہ پروگرام کے دوران، دنیا کے فیصلہ ساز اور سوچنے والے رہنما چھ موضوعاتی ستونوں سے متعلق مختلف فارمیٹس میں بات چیت میں ایک دوسرے کو شامل کریں گے: ( i) ٹیک فرنٹیئرز: اصول و ضابطے اور حقیقتیں؛ (ii) سیارے کے ساتھ امن: سرمایہ کاری اور اختراع؛ (iii) جنگ اور امن: اسلحہ اور ہم آہنگی؛ (iv) کثیرالجہتی کا خاتمہ: ادارے اور شمولیت؛ (v 2030) کے بعد کا ایجنڈا: عوام اور ترقی؛ اور (vi) جمہوریت کا دفاع: معاشرہ اور خودمختاری شامل ہیں۔

6۔ تقریباً 115 ممالک کے 2500 سے زائد شرکاء اس مذاکرے میں ذاتی طور پر شرکت کریں گے، اور اس کارروائی کو دنیا بھر میں لاکھوں افراد مختلف ڈیجیٹل پلیٹ فارمز مشاہدہ کریں گے۔

7۔ اس سے متعلق مزید تفصیلات https://www.orfonline.org/forums/raisina-dialogue پر دیکھی جا سکتی ہیں۔

**نئی دہلی**

**19 فروری، 2024**